سوال

نماز میں وسوسے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری مشکل یہ ہے کہ میں جب مسجد میں داخل ہوتا ہوں اور قبلہ رخ ہو کر نماز کے لئے تکبیر تحریمہ کہتا ہوں تو مجھے شک گزرتا ہے کہ شاید میں نے تکبیر تحریمہ کہی ہے یا نہیں لہذا میں دوبارہ تکبیر کہتا ہوں اس کے بعد سورۃ فاتحہ پڑھتا ہوں تو اس میں بھول جاتا ہوں اور اسے دوبارہ از سر نو پڑھنا شروع کر دیتا ہوں خاص طور پر جب امام کے ساتھ نماز ادا کرتا ہوں تو یہ صورت پیش آتی ہے کیا اس حالت میں میری نماز صحیح ہے ؟ نیز سہو سے بچنے کے لئے مجھے کیا کرنا چاہئے ؟ میری راہنمائی فرمائیے اللہ تعالیٰ آپ کو اجر و ثواب سے نوازے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ حالت میں نماز صحیح ہے لیکن آپ کو ان وسوسوں سے پرہیز کرنا چاہیے اور وہ اس طرح کہ آپ نماز پڑھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوں اس کی عظمت کو مد نظر رکھیں اور دلی توجہ کے ساتھ نماز ادا کریں (نیز اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم) پڑھ لیا کریں اس سے (ان شاء اللہ) وسوسے دور ہو جائیں گے شیطان ذلیل و خوار ہو گا اور اللہ تعالیٰ خوش ہو جائے گا ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص370

محدث فتویٰ